© rasailojaraid.com



مولانا مرحوم کی وفات حسرت آیات پر ادارہ تحقیقات اسلامی نے ایک تعزیتی اجلاس منعقد کیا، جس کی صدارت مولانا کے دوست راجہ محمد ظفر الحق صاحب نے کی ۔ اس تعزیتی اجلاس میں مرحوم کے دیرینہ رفقاء، برگیڈیئر گلزار احمد، ڈاکٹر سید سبط حسن اور ڈاکٹر قدرت اللہ فاطمی اور جناب محمود غازی نے مولانا مرحوم کی زندگی کے مختلف گوشوں کو حاضرین کے سامنے پیش کیا ۔ ادارہ کے ڈائریکٹر جنرل جناب ڈاکٹر شیر محمد زمان صاحب نے مولانا کی علمی و تحقیقی خدمات کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا ۔ بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی کے ریکٹر جناب ڈاکٹر محمد افضل صاحب نے مرحوم کی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے ادارہ میں ,,مولانا سورتی مسند،، کے قیام کا اعلان کیا اور اس عزم کا بھی اظہار کیا کہ مولانا مرحوم کی زندگی، ان کی تحریروں اور ان کی دلچسپی کے موضوعات پر مشتمل ایک یادگاری کتاب شائع کی جائے گی ۔

ادارہ مولانا کی وفات پر دلی دکھ کا اظہار کرتا ہے اور رفقائے ادارہ پس ماندگان کے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔ اللہ تعالی مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے ۔ آمین ۔

**مولانا محمد بخش مسلم بی اے :**

تحریک پاکستان کے ممتاز کارکن، نامور عالم دین، مولانا محمد بخش مسلم بی اے اپنی عمر کے سو سال گذارنے کے بعد ۱۷ فروری ۱۹۸۷ء کو دار فنا سے رخصت ہو گئے ۔

انا للہ وانا الیہ راجعون

قحط الرجال کے اس دور میں کسی عالم باعمل کا اس دنیا سے رخصت ہو جانا کسی المیہ سے کم نہیں، مولانا محمد بخش مسلم جہاں ایک بلند پایہ عالم تھے وہاں وہ عمل کی دنیا میں بھی ایک

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ممتاز مقام رکھتے تھے ـ حرص و ھوس کے اس دور میں بھی وہ مرد درویش طمع و لالچ سے بے نیاز سادہ لباس میں ملبوس، دین کی ترویج و اشاعت میں مصروف رہا ـ مولانا مسلم مرحوم جدید و قدیم علوم کا ایک حسین امتزاج تھے، وہ اپنی تقاریر میں مستشرقین کے انگریزی اقتباسات کو اپنے منفرد انداز میں پیش کرکے ایک سماں باندھ دیتے تھے ـ لاھور میں لوھاری کے علاقے میں واقع مسلم مسجد میں ۵۷ برس تک ان کی صدائے دلنواز گونجتی رھی ، مرحوم خطابت کے ساتھ قلم و قرطاس کے میدان میں بھی مہارت تامہ رکھتے تھے ، اردو زبان میں ,, اسلام کا نظام بیت المال ،، کے عنوان سے اس موضوع پر نہایت عمدہ کتاب تحریر فرمائی، دیگر تحریروں کے علاوہ اخلاقیات سے متعلق ,, کتاب الاخلاق ،، کے نام سے نہایت مفید کتاب طالبان علم کے ذوق مطالعہ کی تسکین کیلئے چھوڑ گئے ـ اللہ تعالی مرحوم کو اعلی علیین میں جگہ عطا فرمائے ـ آمین ۔

© rasailojaraid.com